## سوال

(888)اللہ اکبر کے بارے بیان کریں

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ اکبر کے بارے بیان کریں ایک صاحب کا کہنا ہے کہ اکبر تفضیلیۃ ہے ہم جنس کےلیے قرآن میں اکبر بڑائی اور برتری کےلیے استعمال ہوا ہے ہم جنس کےلیے اس کی بجائے علیاً کبیراً کہنا چاہیے یہ صاحب چکڑالوی ہیں اور کہتے ہیں کہ اللہ اکبر کہیں بھی نہیں بیان کیا گیا ۔ ایم رحمت علی انصاری

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں اللہ اکبر کہنا سنت وحدیث میں مذکور ہے آپ اس چکڑالوی سے پوچھیں قرآن مجید میں کون سی آیت ہے جس میں یہ آیا ہو نماز کے اذکار صرف قرآن مجید سے ہی لینے ہیں حدیث سے نہیں لیے جا سکتے پھر قرآن مجید میں علیاً کبیرا جو آیا ہے ان سے پوچھیں نماز کے اندر اس لفظ کو کس جگہ پڑھنا ہے جواب صرف قرآن مجید سے لیں کیونکہ وہ صاحب حدیث تو مانتے نہیں پھر تعظیم کےلیے قرآن مجید کے اور الفاظ بھی مثلاً العلی العظیم الکبیر المتعال وغیرہ کافی ہیں ۔ پھر قرآن مجید سے وہ علیاً کبیرا کی تخصیص بھی پیش کریں ۔ اکبر اسم تفضیل ضرور ہے مگر اس میں چکڑالوی کی تقیید ''ہم جنس '' فضول ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد01ص568**

محدث فتویٰ